© rasailojaraid.com

## ”بزم حسین“

مجموعہ سوانحی شذرات و مضامین حضرت مولانا سعید احمد جلال پوری شہید رحمۃ اللہ علیہ

مرتب: مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ زید مجدہم۔ صفحات 616۔ طباعت: عمدہ۔ ملنے کا پتا: مکتبہ ختم نبوت، دفتر مجلس تحفظ ختم نبوت پرانی نمائش ایم اے جناح روڈ کراچی۔ فون: 021-32780337

”بزم حسین“ بھی حضرت جلال پوری شہید رحمۃ اللہ علیہ کے قلم سے نکلنے والے ادارتی مقالات و مضامین کا مجموعہ ہے۔ زیر تبصرہ کتاب اس سلسلے کی تیسری جلد ہے۔ اس جلد میں تقریباً ۶۲ شخصیات کا تذکرہ آگیا ہے۔ حضرت شہید رحمۃ اللہ علیہ کے اسلوب تحریر پر کچھ عرض کرنا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔ حضرت کے قلم سے بعض ایسی شخصیات کا تعارف بھی آگیا ہے جو تمام عمر گمنامی کی زندگی گزارتی رہیں، مگر آپ کے قلم کے توسط سے ایک دنیا کو ان کا تعارف حاصل ہوا۔ اس مجموعے میں قائد جمعیت حضرت مونا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ، شیخ الحدیث مولانا انیس الرحمٰن درخواستی شہید، مولانا مفتی رشید احمد لدھیانوی، جناب سید قاسم بنوری، حضرت مولانا شاہ ابرار الحق (ہردوئی)، حضرت سید نفیس الحسینی، حضرت مولانا مفتی عبدالستار، حضرت مونا صوفی عبدالحمید خاں سواتی، امام اہل سنت حضرت مولانا سرفراز خان صفدر، علامہ علی شیر حیدری......اور کئی دیگر نمایاں شخصیات کے حسین تذکرے شامل ہیں۔ اس مجموعے کو بھی جواں ہمت استاذ جناب مولانا محمد اعجاز مصطفیٰ صاحب زید مجدہم نے مرتب فرمایا ہے۔

## ”خطبات منیر فی رفعت سراج منیر“

تالیف مولانا منیر احمد معاویہ۔ صفحات: 510۔ طباعت: مناسب قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبۃ الحسن۔ 33۔ حق اسٹریٹ اردو بازار لاہور۔ فون: 014237241355

خطبات منیر فی رفعت سراج منیر مولانا منیر احمد معاویہ کے خطبات کا مجموعہ ہے۔ یہ تمام مجموعہ بنیادی طور پر سیرت النبی سے متعلق ہے۔ خطبات کے عنوان ملاحظہ ہو: آمد سراجِ منیر، جمال سراج منیر، رسم سراج منیر، مقام سراج منیر، عظمت سراج منیر، رفعت سراج منیر، رحمت سراج منیر، معجزات سراج منیر، چونکہ خطبات ہیں اس انداز بھی خطیبانہ ہے۔ یہ کتاب ان حضرات کے لیے کافی مفید ہے، جو خطابت کے میدان میں نو آموز ہیں۔ آغاز میں حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب، مولانا مفتی محمد انور اکاڑوی، مولانا عبدالقدوس قارن، مولانا خلیل احمد سراج، اور مولانا عبید الرحمٰن ضیاء کی تقریظات بھی شامل ہیں، جو اس کتاب کے مستند ہونے کے لیے کافی ہیں۔



© rasailojaraid.com